# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 31 July 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۳۱/جولائی ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

- ☆ وزیر اعلیٰ انا پورنا اسکیم کا دائرہ بڑھانے کا ریاستی حکومت کا فیصلہ
- ☆ ریاست میں 81/ہزار 137/کروڑ روپئے سرمایہ کاری کے 7/منصوبوں کو منظوری ' چھترپتی سنبھاجی نگر میں الیکٹرک گاڑی سازی کا منصوبہ قائم ہوگا
- ☆ مراٹھواڑہ کی خالصہ کی گئی کلاس ٹو کی انعامی اور مذہبی مقامات کی زمین کلاس ون میں شامل کرنے کا فیصلہ
- ☆ آشرم اسکولوں کے طلباء کی سبسیڈی میں اضافہ کے ساتھ ساتھ ناندیڑ کے شری گرو جی اسپتال کو سرکاری اشیاء دینے کا کابینہ کا فیصلہ

اور

- ☆ پیرس اولمپک کے 10/میٹر ایئر پسٹل زمرہ میں منو بھاکر اور سربجوت سنگھ جوڑی کو کانسے کا تمغہ

**اب خبریں تفصیل سے...**

وزیر اعلیٰ انا پورنا اسکیم کی حد بڑھانے کا فیصلہ ریاستی حکومت نے لیا ہے۔ اِس کے تحت وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کی اہل خواتین کے خاندان کو اور مرکزی حکومت کی وزیر اعظم اُجولا اسکیم کے ریاست کے تقریباً 52/لاکھ 16/ہزار مستفدین کو گھریلو استعمال کے لیے سالانہ 3/گیس سلینڈر بھر کر مفت ملیں گے۔ اِس ضمن میں سرکاری حکم نامہ کل جاری کیا گیا۔ اِس اسکیم کا فائدہ حاصل کرنے کے لیے گیس کنکشن خاتون کے نام پر ہونا ضروری ہے۔ ایک خاندان میں صرف ایک ہی اِس اسکیم کی اہل ہوگی اور صرف 14/کلو 200/گرام وزنی سلینڈر کنکشن ہولڈر کو ہی اِس کا فائدہ ملنے کی اطلاع سرکاری حکم نامہ میں ذکر ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں 81/ہزار 137/کروڑ روپئے سرمایہ کاری کے 7/منصبوں کومنظوری دی گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کی صدارت میں کل ہوئی صنعتی محکمہ کے کابینہ کی ذیلی کمیٹی کی میٹنگ میں یہ فیصلہ لیا گیا۔ اِس میں ہائی تکنالوجی پر مبنی لیتھیم بیٹری' الیکٹرک گاڑی ' سیمی کنڈکٹر جیپ اور پھلوں کے رس نکالنے کے منصوبے شامل ہیں۔ اِس کی وجہ سے کوکن سمیت مراٹھواڑہ وِدربھ کے علاقوں میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری ہوگی اور تقریباً 20/ہزار لوگوں کو روزگار ملے گا۔ ISW گرین Mobility لمیٹیڈ کمپنی ' الیکٹرک اور ہائبریڈ گاڑی میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری والا منصوبہ چھترپتی سنبھاجی نگر میں قائم ہوگا۔ اِس منصوبہ میں تقریباً 27/ہزار 200/کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری ہوگی جبکہ 5/ہزار 200/سے زائد روزگار پیدا ہوں گے۔ اِس منصوبہ کے تحت سالانہ 5/لاکھ الیکٹرانک مسافر کاریں اور ایک لاکھ کمرشیل کاریں بنانے کا منصوبہ ہے۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ کی خالصہ ہوئی کلاس ٹو کی انعامی اور مذہبی مقامات کی زمینیں کلاس ون میں لانے کا فیصلہ ریاستی حکومت نے لیا ہے۔ نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی صدارت میں کل ہوئی میٹنگ میں یہ فیصلہ لیا گیا۔ یہ زمینیں اصل مالک کو ملے اِس کے لیے گزشتہ 60/سالوں سے زیر التواء مسئلہ حل ہو جائے گا۔ پھڑنویس نے حکم دیا کہ اِس ضمن میں تجویز جلد از جلد کابینہ کے روبرو پیش کی جائے۔ اِس فیصلہ سے چھترپتی سنبھاجی نگر ' جالنہ ' پربھنی ' ناندیڑ ' ہنگولی ' بیڑ ' لاتور اور دھاراشیو اضلاع میں تقریباً 55/ہزار ہیکٹر زمینیں کھلی ہوجائے گی۔

***** ***** *****

ریاستی کابینہ نے کل مختلف محکموں کے ہاسٹلوں اور آشرم اسکولوں میں طلباء کے لیے فی کس سبسیڈی میں خاطرخواہ اضافہ کومنظوری دی ہے۔ مختلف شعبہ جات کے ذریعہ چلنے والی رضا کارانہ تنظیموں کی امداد یافتہ تنظیموں کی گرانٹ اب 1500/روپئے فی طالب علم ماہانہ سے بڑھا کر 2200/روپئے' ایڈز اور ذہنی معذوری کے شکار رہائشی طلباء کو دی جانے والی گرانٹ 1650/ روپئے سے 2450/کر دی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ کی صدارت میں ہوئی میٹنگ میں نان دیڑ کے شری گرو جی اسپتال کو خصوصی معاملہ کے طور پر سرکاری حصہ کا سرمایہ فراہم کرنے کو منظوری دی گئی۔ قبائلی کوآپریٹیو سوت گرنیوں کو طویل مدتی قرض ' نئے تجسوینی دیہی خواتین کے انٹرپرائز ڈیولپمنٹ پروجیکٹ کی ایک سال کی توسیع' پن بجلی منصوبوں کی اُن کی عمر کے اختتام پر تزئین وآرائش اور جدید کاری ' لوم کوآپریٹیو کو مالی امداد ' قبائلی خاندانوں کے لیے گھر اسکیم کو منظوری دی گئی۔

***** ***** *****

لوبری زول انڈیا پرائیویٹ لمیٹیڈ کمپنی کی جانب سے چھتر پتی سنبھا جی نگر کے بڑکن صنعتی علاقہ میں چکنائی آمیز ایندھن پیدا کرنے والے مصنوبے قائم کیے جائیں گے۔لوبری زول کمپنی آٹو میٹواور صنعتی چکنا کرنے والے مادوں کے کمپنا وَنڈسسٹم کے شعبے میں ایک سرکردہ کمپنی ہے۔ صنعت کے وزیر اُدیے سامنت نے یقین ظاہر کیا کہ تقریباً 2/ہزار کروڑ کی سرمایہ کاری والا یہ پروجیکٹ مراٹھواڑہ کی ترقی میں معاون ثابت ہوگا اور 900/افراد کو روزگار فراہم کرے گا۔سامنت کی جانب سے بڑکن علاقہ میں 120/ایکر زمین دیے جانے کا لیٹر لوبری زول کمپنی کو دیا گیا۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھتر پتی سنبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے گروپ کے صدر اُدھو ٹھاکرے نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت ریزرویشن کی حد بڑھانے کا حل نکالتی ہے تو ہی ہماری پارٹی کی حمایت رہے گی۔ وہ کل ممبئی میں صحافتی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ اِس سے قبل کل مراٹھا ریزرویشن سے متعلق مراٹھا سماج کے احتجاجیوں نے اُدھو ٹھاکرے سے ملاقات کر کے او بی سی سے ریزویشن دینے سے متعلق اپنے موقف کو واضح کرنے کا مطالبہ کیا۔

***** ***** *****

ونچت بہوجن آگھاڑی کے صدر پرکاش امبیڈکر نے اپیل کی ہے کہ مراٹھا سماج کے غریبوں کے لیے منوج جرانگے پاٹل ودھان سبھا کی 288/نشستیں لڑیں گے وہ کل لاتور میں ریزرویشن بچاؤ یاترا کے لیے آئے تھے۔ لاتور سے کل یہ یاترا بیڑ ضلع کی جانب روانہ ہوئی۔

***** ***** *****

سبک دوش گورنر رمیش بئیس کو کل ممبئی کے راج بھون میں الوداع کیا گیا۔بحریہ کی جانب سے گورنر کو مبارکباد دی گئی۔ ریاست کے نئے گورنر سی سی رادھا کرشن کو آج شام راج بھون میں عہدہ کا حلف دلایا جائے گا۔

***** ***** *****

رائے گڑھ ضلع کے اُرن کی یش شری قتل معاملہ میں اہم ملزم داؤد شیخ کو کل کرناٹک کے الّر گاؤں سے گرفتار کیا گیا۔ ابتدائی تفتیش میں داؤد نے یش شری کو قتل کرنے کا اعتراف کیا ہے تاہم پولس کا کہنا ہے کہ قتل کی وجہ کے بارے میں کوئی نتیجہ نہیں نکالا جا سکتا ہے کیونکہ ابھی تک جانچ مکمل نہیں ہوئی ہے۔

***** ***** *****

بھارتی نشانہ باز منو بھاکر اور سربجوت سنگھ کی جوڑی نے پیرس اولمپک کے 10 ؍میٹر ایئر پسٹل زمرہ کے ڈبل میں کانسے کا تمغہ جیتا۔ انھوں نے جنوبی کوریا کی ٹیم کو 10 - 16 ؍سے شکست دی۔ منو بھاکر کا اِس اولمپک میں یہ دوسرا تمغہ ہے اور اِس طرح کی کارکردگی کرنے والی وہ پہلی بھارتی کھلاڑی ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مُرمو ، وزیر اعظم نریندر مودی ، وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے اِس کامیابی پر دونوں ہی نشانہ بازوں کی تعریف کی ہے۔

***** ***** *****

اِس ٹورنامنٹ میں کل ہاکی مقابلہ بھارتی ٹیم نے آئرلینڈ کو 2 - 0 ؍سے شکست دی۔ کشتی رانی میں بلراج پوار نے سیمی فائنل میں جبکہ بیڈمنٹن میں چراغ شیٹی اور ساتوک سائی راج جوری نے انڈونیشیائی جوڑی کو شکست دے کر کوارٹر فائنل میں داخل ہوئی ۔ تیراندازی میں بھارت کی بھجن کور کوارٹر فائنل میں داخل ہوگئی۔ ٹیبل ٹینس میں منیکا بترا نے فرانس کے کھلاڑی کو شکست دے کر کوارٹر فائنل میں جگہ بنائی ہے اور اس طرح کارکرگی کرنے والی وہ پہلی بھارتی خاتون کھلاڑی بن گئی ہے۔

***** ***** *****

سری لنکا کے خلاف تین T-20 ؍میچوں کی سریز بھارت نے 3 -0 ؍سے جیت لی ہے۔ کل پلّے کیلے میں کھیلے گئے تیسرے اور آخری مقابلے میں بھارت نے سوپور اوور میں سری لنکا کو شکست دی۔ پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے بھارت نے مقررہ اووروں میں 136 ؍رنز بنائے۔ اِس کے جواب میں سری لنکا نے بھی 20 ؍اوور میں 136 ؍رنز اسکور کیے تاہم سری لنکا سوپر اوور میں صرف 2 ؍رنز ہی بنا سکا اور بھارت کے کپتان سوریہ کمار یادو نے پہلی ہی گیند پر 4 ؍رنز بنا کر مقابلہ اپنے نام کرلیا۔

***** ***** *****

لاتور میں آئندہ اسمبلی انتخابات کے پیش نظر بی جے پی رہنماء پنکجا منڈے کی موجودگی میں پارٹی کا تنظیمی اجلاس منعقد ہوا۔ لاتور ' ناندیڑ ' بیڑ اور دھاراشیو اضلاع کے پارٹی کے اہم قائدین ' عہدیداران اور کارکنان اِس اجلاس میں موجود تھے۔ مرکزی حکومت کی مختلف اسکیمات' بجٹ کے فوائد عوام تک پہنچانے کا فیصلہ اِس میٹنگ میں لیا گیا۔

***** ***** *****

کپڑا صنعت ڈائریکٹوریٹ کے زیر اہتمام منعقدہ ریاستی سطح کے کپڑا صنعت دستکار انعام اسکیم کے نتائج کا کل اعلان کر دیا گیا۔ 5 / مختلف زمروں میں یہ مقابلے لیے گئے۔ پیٹھنی ساڑی کے زمرے میں چھترپتی سنبھا جی نگر کے گرام طالب کبیر کی تیار کردہ بروکیڈ پیٹھنی ساڑی کو انعام اوّل دیا گیا۔ جبکہ ہمروشال زمرے میں چھترپتی سنبھاجی نگر کے عبران احمد قریشی کو انعام اوّل اور فیصل اشتیاق قریشی انعام دوم کے حقدار قرار پائے۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے ایک اسپتال کا بائیومیڈیکل ویسٹ عوامی مقام پر پھینکنے کے معاملے میں میونسپل کارپوریشن انتظامیہ نے 25 / ہزار روپئے کا جرمانہ عائد کیا ہے۔ ڈپٹی میونسپل کمشنر اور صفائی محکمے کے سربراہ رویندر جوگدنڈ کی رہنمائی میں یہ کارروائی کی گئی۔

***** ***** *****

یوواسینا کے ریاستی معاون سیکریٹری وکرم راٹھوڑ نے آشٹی - نگر - پونے - ممبئی شٹل ایکسپریس ریلوے خدمات فی الفور شروع کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ اِس سے متعلق ایک مطالباتی مکتوب انھوں نے ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو کو اِرسال کیا ہے ۔

***** ***** *****

آ خر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ وزیر اعلیٰ اننا پورنا اسکیم کا دائرہ بڑھانے کا ریاستی حکومت کا فیصلہ

☆ ریاست میں 81/ہزار 137/کروڑ روپئے سرمایہ کاری کے 7/منصوبوں کومنظوری ' چھترپتی سنبھا جی نگر میں الیکٹرک گاڑی سازی کا منصوبہ قائم ہوگا

☆ مراٹھواڑہ کی خالصہ کی گئی کلاس ٹو کی انعامی اور مذہبی مقامات کی زمین کلاس ون میں شامل کرنے کا فیصلہ

☆ آشرم اسکولوں کے طلباء کی سبسیڈی میں اضافہ کے ساتھ ساتھ ناندیڑ کے شری گرو جی اسپتال کو سرکاری اشیاء دینے کا کابینہ کا فیصلہ

اور

☆ پیرس اولمپک کے 10/میٹر ایئر پسٹل زمرہ میں منو بھاکر اور سربجوت سنگھ جوڑی کو کانسے کا تمغہ

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھا جی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆